اس کا کام آپکے گھریلو اور مالی مسائل میں آپکو مشورہ دینا اور مدد کرنا ہے تاکہ آپ اچھی زندگی بسر کر سکیں۔

**ماہر نفسیات:۔**

ماہر نفسیات ذہنی دباؤ، بے چینی اور فریب نظر سے بچاؤ کے لیے علاج کرتا ہے کیونکہ اس طرح کی شکایات اس بیماری میں عام ہیں۔

**یورالوجسٹ:۔**

مثانے اور پیشاب کے نظام کے مسائل میں آپ کا مددگار ہوتا ہے۔

**اور کون کونسے پروفیشنل ہیں جو مددگار ہو سکتے ہیں؟**

اکاؤنٹنٹ آپ کیلیے مناسب پلان بناتا ہے تاکہ انشورنس سے مناسب میڈیکل کوریج آپ کو مل سکے اس کے علاوہ آپکے ٹیکس میں کٹوتی میں بھی مدد کرتا ہے۔ آپ پہلے سے ہی اپنے لیے پاور آف اٹارنی مقرر کر دیں اور وصیت لکھ کر رکھیں تاکہ ایسی صورتحال میں جب آپ اس قابل نہ رہیں کہ آپ اپنی خواہش بتانے سے قاصر ہوں تب یہ وصیت کام آسکے۔ اس لیے احتیاطاً وصیت پہلے سے ہی تیار کر کے رکھنی چاہیے۔

جملہ حقوق طباعت محفوظ ہیں تاہم بغیر کسی ترمیم کے فوٹو کاپی کی اجازت ہے۔ یہ بروشرز مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

www.pdprogram.org

Dr. A.Q. Rana. M.D.

FRCPC(Canada),FRCP,(Hon-U.K)

World Parkinson's Program

Toronto, Canada

ورلڈ پارکنسنز پروگرام کا مشن پارکنسن کی بیماری سے متعلق صحیح اور مکمل معلومات فراہم کرنا ہے۔ اس پروگرام کے بانی کینیڈا کے نیورالوجسٹ ڈاکٹر عبدالقیوم رانا ہیں۔ اس پروگرام کی شاخیں دنیا کے مختلف ممالک میں موجود ہیں۔ مزید معلومات کے لیے آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹ بھی دیکھ سکتے ہیں۔

www.pdprogram.org.

یہ تجاویز صرف معلوم عامہ کے لیے فراہم کی جا رہی ہیں آپ کا علاج آپ کے نیورو فزیشن تجویز کریں گے۔ اس پرچہ میں درج کی گئی معلومات پر عمل کرنے سے پہلے اپنے معالج سے مشورہ کریں۔

ھوالشافی

﴿13﴾

آپ کے سوالات اور ہمارے جوابات

# پارکنسن کا مرض
# اور
# آپ کی معالج ٹیم

Parkinson's disease & your healthcare team

(اردو)Urdu

Dr. Abdul Qayyum Rana, Neurologist

پروفیسر ڈاکٹر عبدالقیوم رانا

ایم ڈی (امریکہ) ایف آر سی پی سی (کینیڈا) ایف آر سی پی اعزازی (برطانیہ)

نیورالوجسٹ

ورلڈ پارکنسنز پروگرام، ٹورانٹو، کینیڈا

www.pdprogram.org

World Parkinson's Program

Toronto, Canada

## پارکنسن کے مرض کی وجہ سے مجھے کس قسم کی مدد درکار ہے؟

پارکنسن کے مرض کی وجہ سے جسم کے بہت سے مختلف نظام متاثر ہوتے ہیں۔اور اس سے مریض کی روزمرہ زندگی پر منفی اثر پڑتا ہے۔ پارکنسن کے مرض کی وجہ سے آپ کو زندگی میں بہت سے مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے۔جن سے آپ کو نبردآزما ہونا ہے اور اپنی زندگی کو بہتر بنانا ہے۔اس مقصد کے حصول کے لیے آپ کا اپنی معالج ٹیم کے ساتھ تعاون کرنا بہت مفید ثابت ہوگا۔

## میں اپنی معالج ٹیم کی مدد کس طرح کرسکتا/سکتی ہوں؟

آپ اپنی معالج ٹیم کے ساتھ تعاون کرکے اپنی کیفیت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔آپ کے ذہن میں آنے والے تمام سوالات آپ ان سے پوچھ سکتے ہیں۔لہٰذا آپ ان تمام سوالوں کو لکھ کر رکھ لیں اور معائنہ کے وقت ان سے پوچھیں تو آپ کو اپنی بیماری کے بارے میں مزید معلومات حاصل ہونگی۔اپنی دوائیوں کی فہرست اپنے پاس رکھیں۔ پارکنسن کے مریض کے لیے مندرجہ ذیل ہیلتھ پروفیشنل بہت مفید ثابت ہوتے ہیں۔

### فیملی ڈاکٹر:

آپ کا ڈاکٹر سب سے پہلے پارکنسن کے مرض کی علامات پہچان کر آپ کو ماہر امراض اعصاب و پٹھہ یعنی نیورالوجسٹ کے پاس بھیجتا ہے۔

### نیورفزیشن یا نیورالوجسٹ:۔

نیورفزیشن آپکے مرض کی صحیح تشخیص اور مناسب علاج شروع کرتا ہے اور وقتاً فوقتاً بیماری کی شدت کے حساب سے ادویات میں ترمیم کرتا رہتا ہے ۔آپ کو اپنے نیوروفزیشن کے پاس سال میں 2-3 بار معائنے کے لیے جانا چاہیے۔ضرورت پڑنے پر پارکنسن کی بیماری کے اسپشلسٹ نیوروفزیشن کے پاس بھی آپ کو بھیجا جاسکتا ہے۔

### فزیوتھراپسٹ:۔

فزیوتھراپسٹ آپ کو مختلف قسم کی ورزشوں کے بارے میں مفید مشورے دیتا ہے کہ تاکہ آپ کا جسمانی توازن برقرار رہے اور آپ گرنے سے بچے رہیں۔

### آکیوپیشنل تھراپسٹ:۔

یہ ماہر آپ کو روزمرہ زندگی کے امور کے بارے میں مفید مشورے دیتا ہے اور آپ کو بار بار پیش آنے والے مسائل سے نمٹنے کے لیے تیار کرتا ہے اس طرح آپ ایک مناسب زندگی گزارنے کے قابل ہوتے ہیں۔

### اسپیچ لینگویج پیتھالوجسٹ:۔

پارکنسن کے مرض کی وجہ سے بولنے اور نگلنے میں دشواری پیش آتی ہے۔اسپیچ تھراپسٹ آپ کو مختلف طریقوں کے ذریعے ان مسائل کو حل کرنے میں مدد کرتا ہے۔

### فارماسسٹ:۔

فارماسسٹ اپنی فارمیسی میں آپ کی دوائیوں کا مستقل ریکارڈ رکھتا ہے۔آپکو آپکی دوائیوں کے بارے میں مناسب مشورہ دیتا ہے ہر بار ایک ہی فارمیسی میں جانے سے آپ کی دوائیوں کا ریکارڈ برقرار رہتا ہے۔ جو دوائیاں آپ کیلیے مناسب نہیں فارماسسٹ آپکو اس سے آگاہ کرتا ہے۔

### ماہر غذائیات:۔

ماہر غذائیات آپ کو مناسب غذا سے آگاہ کرتا ہے۔کیونکہ پروٹین کے زیادہ استعمال سے پارکنسن کی دوائی لیووڈوپا کے جذب ہونے میں کمی آسکتی ہے۔

### سوشل ورکر:۔